مواصلاتی ذرائع (آن لائن) یا سیکیورٹیز بروکر کو خریدنے یا فروخت کرنے کے لئے ھدایت دیں

آرڈر پر عمل درآمد سے پہلے سرمایہ کار کو مارجن کی ادائیگی کرنا ہو گی



تجارتی سسٹم



غیر تکمیل شدہ آرڈر

تکمیل شدہ آرڈر

کاروباری دن کے اختتام پر این سی سی پی ایل کی جانب سے سرمایہ کاروں کو ایس ایم ایس / ای الرٹ بھیجنا

بروکر کی جانب سے 24 گھنٹوں کے اندر سرمایہ کار کو تجارت کی تصدیق بھیجنا

سی ڈی سی کی طرف سے 2 دن میں تجارت کا تصفیہ (کلیئرنگ)

این سی سی پی ایل کی جانب سے 2 دن میں تجارت کی منظوری (سیٹلمنٹ)

سی ڈی سی اکاؤنٹ میں حصص کی منتقلی

سی ڈی سی کی جانب سے سرمایہ کار کو بھیجے گئے سی ڈی سی ڈیلی اکاؤنٹ میں سیکیورٹیز کی نقل و حرکت سے متعلق ایس ایم ایس یا ای میل الرٹ

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
.1	اپنے بروکرز اور ان کی رجسٹرڈ برانچوں کو جاننا	18
.2	اپنے نام سے اکاؤنٹ کھولنا	18
.3	کسٹمر ریلیشن شپ فارم پر کرنا	18
.4	سہولت اکاؤنٹ اور آسان کے وائی سی فارم پر کرنا	19
.5	صارفین کے اکاؤنٹ کھولنا	19
.6	اکاؤنٹ کی سہولت کاری / کسٹمر ہیلپ سینٹرز	20
.7	اپنے کسٹمر کو جاننے کی آرگنائزیشن کو سنٹرلائزڈ کرنا	20
.8	کسٹمرز کو لازمی ٹیرف اسٹرکچر کی فراہمی	21
.9	سی آر ایف، سہولت فارم، کے وائی سی فارم اور این سی پی ایل کے منفرد شناختی نمبر (NIU) ڈیٹا بیس میں برقرار معلومات کی یکسانیت	21
.10	کسٹمرز کی رقم اور سیکورٹیز کی علیحدگی کی شرائط	21
.11	سیکورٹیز بروکرز کی صارفین کے غیر استعمال شدہ فنڈز پر کمائے گئے منافع کی تقسیم	21
.12	ٹریڈنگ آرڈرز / ہدایات	21
.13	آن لائن ٹریڈنگ	22
.14	ٹریڈنگ کے دوران کسٹمرز کی ذمہ داریاں اور فراءض	22
.15	مارجن جمع کرنے کے لیے کسٹمرز کی ذمہ داری	22
.16	ادائیگی (پے منٹ) کے ذرائع / رسید	23
.17	ٹریڈنگ کی تصدیق کی فراہمی	23
.18	سیکورٹیز ٹریڈز کے لیے این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کی طرف سے ایس ایم ایس اور / یا ای الرٹس	24
.19	سی ڈی سی کی جانب سے سیکیورٹیز کی پوزیشن کی تصدیق	24
.20	کیش اور سیکورٹیز پوزیشن ظاہر کرنے کے لیے لیجر کی تفصیلات حاصل کرنے کا حق	24
.21	پی ایس ایکس بروکرز کی طرف سے سہ ماہی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کی لازمی فراہمی	24
.22	سی ڈی سی میں انویسٹر اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت	25
.23	این سی سی پی ایل کے این سی ایس اور سی ڈی سی کے ڈی ایس ایس کے ذریعے ٹریڈ کی براہ راست سیٹلمنٹ	25
.24	این سی سی پی ایل کے یو آئی این انفارمیشن سسٹم کے ذریعے آن لائن رسائی	25
.25	مقررہ رسک ڈس کلوژر دستاویز	25
.26	کسٹمرز کو مقررہ;223;خاص ریٹرن کی گارنٹی دینے کی ممانعت	25
.27	شکایت کے ازالے کا میکنزم	26
.28	ایس ای سی پی، پی ایس، سی ڈی سی، این سی پی ایل اور جمع پونجی کی ویب ساءٹس کا باقاعدگی سے وزٹ	26
.29	اس گائیڈ میں استعمال کی جانے والی بنیادی اصطلاحات کی تعریف	26
.30	سیکیورٹیز مارکیٹ میں ٹریڈنگ کا عمومی عمل	27

1. اپنے بروکرز اور ان کی رجسٹرڈ برانچوں کو جاننا:

سیکیورٹیز بروکرز (لائسنسنگ اور آپریشنز) ریگولیشنز 2016 جو سیکیورٹیز ایکٹ، 2015 کے تحت بنائے گئے ہیں پی ایس ایکس بروکر کے افعال کو انجام دینے کے لیے ایک بروکر کو ایس ای سی پی کے ساتھ لائسنس یافتہ اور سیکیورٹیز بروکر کے طور پر رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔ پی ایس ایکس بروکرز کی رجسٹریشن کی تفصیلات کی تصدیق کرنا پہلا احتیاطی قدم ہے جو تمام سرمایہ کاروں کو اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اٹھانا چاہیے کہ وہ ایک رجسٹرڈ شخص کے ذریعے اور رجسٹرڈ آفس / برانچ آفس میں ٹریڈنگ کریں۔ لہٰذا سرمایہ کاروں کو چاہیے کہ وہ پی ایس ایکس بروکرز کے ساتھ کاروبار شروع کرنے سے پہلے درج ذیل معلومات اور دیگر متعلقہ تفصیلات حاصل کریں جن میں انکی رجسٹریشن کی تفصیلات بشمول پی ایس ایکس کی ویب سائٹ www.psx.com.pk پر دستیاب ان کے رجسٹرڈ برانچ دفاتر سے متعلق تفصیلات کے ساتھ ملائیں۔

(الف) ایس ای سی پی کی طرف سے تفویض کردہ بروکر لائسنس نمبر؛

(ب) پی ایس ایکس کی طرف سے تفویض کردہ ٹریڈنگ راٹس انٹائٹلمنٹ سرٹیفکیٹ نمبر، اور

(پ) رابطہ کی تفصیلات بشمول ویب لنک، ہیلپ لائن نمبر وغیرہ۔

مندرجہ بالا تصدیق بہت ضروری ہے کیونکہ اگر آپ کسی غیر رجسٹرڈ شخص / پارٹی کے ساتھ کاروبار کرتے ہیں جو بعد میں آپ کی رقم اور / یا سیکیورٹیز میں غبن کرتا ہے یا کاروبار سے باہر ہو جاتا ہے، تو آپ کے پاس اپنی رقم کی وصولی یا کمیشن یا کیپٹل مارکیٹ کے دوسرے اداروں پی ایس ایکس، این سی سی پی ایل یا سی ڈی سی کے پاس شکایت درج کرانے کا حق حاصل نہیں ہو گا۔ لہٰذا اس کی پرزور تاکید کی جاتی ہے کہ تمام سرمایہ کار اس بات کو یقینی بنائیں کہ وہ رجسٹرڈ پی ایس ایکس بروکرز اور اپنی رجسٹرڈ برانچز / دفاتر کے ذریعے ڈیل کریں۔

2. اپنے نام سے اکاؤنٹ کھولنا:

کسٹمرز کے اپنے بہتر مفاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ پی ایس ایکس بروکرز کے ساتھ اپنے نام پر ٹریڈنگ اکاؤنٹ کھولیں اور خود اسے چلائیں۔ تاہم اگر کسٹمر کسی قابل اعتماد شخص کو ٹریڈنگ اکاؤنٹ چلانے کی اجازت دینا چاہتا ہے، تو اسے اکاؤنٹ کھولتے وقت پی ایس ایکس بروکر کے پاس اس کے لیے تحریری اجازت دینی ہو گی۔ کسٹمر کے ریکارڈ میں بھی اس اجازت نامے کی ایک کاپی ہونی چاہیے۔

کسٹمرز کو یہ نوٹ کرنا چاہیے کہ وہ کسی بھی نتائج کے ذمہ دار خود ہوں گے جن میں نقصانات اور دعوے شامل ہیں جو ان کی جانب سے مجاز افراد کی ہدایات پر ان کے اکاؤنٹ میں کیے گئے لین دین کی وجہ سے پیدا ہو سکتے ہیں ی۔ براہ کرم یہ ذہن نشین رہے کہ اس طرح کی اجازت سے اختیارات کے غلط استعمال کا خطرہ ہوتا ہے اور یہ دھوکہ دہی کا باعث بن سکتا ہے۔ لہذا کسٹمرز کو اپنے اکاؤنٹ میں ہونے والی کسی بھی بوگس سرگرمی کو ذہن میں رکھنے کی ضرورت ہے اور احتیاط سے ایک ایسے شخص کو منتخب کرنے کی ضرورت ہے جو اپنے اکاؤنٹ کو چلانے کا مجاز ہو گا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ ان کے اکاؤنٹس میں ہونے والی تمام ٹریڈنگ کے بارے میں انہیں پتا ہو۔

3. کسٹمر ریلیشن شپ فارم (FRC) پر کرنا:

جب تک کہ متعلقہ قوانین اور ضوابط میں واضح طور پر فراہم نہ کیا گیا ہو، پی ایس ایکس بروکرز کو اپنے ہر صارف کے لیے کسٹمر ریلیشن شپ فارم (CRF) کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ CRF انفرادی اور کارپوریٹ کسٹمرز کے لیے الگ الگ تجویز کیا گیا ہے۔ CRF معاہدے کا ایک بنیادی ذریعہ ہے جس میں کم از کم شرائط و ضوابط شامل ہیں جن پر پی ایس ایکس بروکر اور اس کے کسٹمرز پر عمل کرنا یکساں طور پر لازم ہے

کسٹمرز کے لیے لازمی ہے کہ وہ پی ایس ایکس بروکر کے ذریعے فراہم کردہ CRF کے تمام متعلقہ فیلڈز کو پُر کریں جو اپنے کسٹمرز کے لیے اسٹاک مارکیٹ میں ٹریڈنگ شروع کرنے اور اپنی سیکیورٹیز کی تحویل اور سیٹلمنٹ کے لیے ہے۔ مزید برآں، کسٹمرز ان فیلڈز کو ختم کر سکتے ہیں جو یا تو غیر متعلقہ ہیں یا قابل اطلاق نہیں ہیں۔ یہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ فارم میں مذکور تمام معلومات ان کے علم میں ہیں اور ان کے علم کے بغیر کوئی دوسری معلومات شامل نہیں کی جا سکتیں۔ CRF میں درست، مکمل اور موجودہ معلومات کی فراہمی اور کسٹمرز کی طرف سے معاون دستاویزات کی فراہمی ان کی شناخت قائم کرنے اور ریگولیٹرز کو مؤثر طریقے سے ان کی خدمت کرنے کے قابل بنانے کے لیے ضروری ہے۔ کسٹمرز کو CRF کے تمام شرائط و ضوابط کو پڑھنا اور سمجھنا چاہیے اور اپنے پی ایس ایکس بروکر سے CRF کی ایک کاپی حاصل کرنی چاہیے جس پر کسٹمر اور پی ایس ایکس بروکر کے دستخط شدہ ہوں جو معلومات اور ریکارڈ کے مقاصد کے لیے ہو۔ پی ایس بروکرز کو سی آر ایف اپنے انفرادی یا کارپوریٹ صارفین کے لیے اپنانا ضروری ہے جو پی ایس ایکس کے ضوابط کے باب 4 سے ضمیمہ 1 میں تجویز کیا گیا ہے۔

نوٹ: پی ایکس ایکس کے ضوابط پی ایکس کی ویب سائٹ www.psx.com.pk کے قانونی فریم ورک سیکشن میں دستیاب ہیں۔

4. سہولت اکاؤنٹ اور آسان کے وائی سی فارم پر کرنا:

انفرادی کسٹمرز کے پاس پی ایس ایکس بروکر کے ساتھ سہولت اکاؤنٹ کھولنے کا اختیار ہے۔ سہولت اکاؤنٹ کی چند اہم خصوصیات جو اسے عام اکاؤنٹ سے ممتاز کرتی ہیں درج ذیل ہیں:

(الف) سہولت اکاؤنٹ کھولنے والے انفرادی کسٹمرز اپنے کسٹمر کو جانیں (KYC) نظام کے ساتھ مشروط ہیں۔

(ب) زیادہ سے زیادہ پوزیشن کی حد جو ایک کسٹمر لے سکتا ہے 1,000,000 پاکستانی روپے ہے۔

(پ) 1,000,000 پاکستانی روپے تک کی خالص ٹریڈنگ کسٹمرز کر سکتے ہیں۔

(ج) صرف ایک مقامی انفرادی سرمایہ کار پی ایس ایکس بروکر کے ساتھ سہولت اکاؤنٹ کھول سکتا ہے۔ اور

(د) صرف ریڈی ڈیلیوری کنٹریکٹ مارکیٹ میں ٹریڈنگ کی اجازت ہے۔

سہولت اکاؤنٹ کی سہولت بھی CKO نظام کے تحت آتی ہے جس کے تحت سہولت اکاؤنٹ کھولنے کے خواہشمند کسٹمر کو بائیومیٹرک IBAN اور موبائل نمبر کی تصدیق کے عمل سے گزرنا پڑتا ہے۔ مزید برآں، یہ سہولت KYC کے آسان تقاضوں کے ساتھ KIS میں مجاز انٹرمیڈیریز (AIs) کو بھی فراہم کی گئی ہے

سہولت اکاؤنٹ کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے، براہ کرم PSX نوٹس نمبر PSX/N-740 مؤرخہ 17 جون 2019، PSX نوٹس نمبر PSX/N-33 مؤرخہ 10 جنوری 2020 اور PSX نوٹس نمبر PSX/N-759 مؤرخہ 24 جولائی 2023 ملاحظہ کریں جو پی ایس ایکس کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

5. صارفین کے اکاؤنٹ کھولنا:

(الف) آن لائن اکاؤنٹ کھولنا:

پی ایس ایکس بروکرز وقتاً فوقتاً پی ایکس کی طرف سے بیان کردہ شرائط وضوابط کے مطابق کسی مجاز ادارے کی خدمات کا استعمال کرتے ہوئے کسٹمرز کا آن لائن اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔ پی ایس ایکس بروکرز سینٹرلائزڈ گیٹ وے پورٹل کے ذریعے ڈیجیٹل طور پر آن بورڈ اکاؤنٹس بھی کھول سکتے ہیں۔ پی ایکس بروکرز اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ آن لائن اکاؤنٹس تمام قابل اطلاق ریگولیٹری تقاضوں کو پورا کرنے کے بعد کھولے جائیں جن میں کسٹمرز کی مطلوبہ تصدیق اور مستعدی سے عمل کرنا، دستاویزات;223;معلومات جمع کرنا اور پی ایس ایکس یا ایس ای سی پی کی طرف سے تجویز کردہ دیگر ضروریات یا شرائط کو پورا کرنا شامل ہے جو آن لائن اکاؤنٹ کھولنے سے متعلق ہیں

(ب) پاکستان میں بینکوں کے ذریعے شیئر کردہ KYC معلومات کی بنیاد پر رہائشی پاکستانیوں کا اکاؤنٹ کھولنا:

پی ایس ایکس بروکرز ایک مقامی کسٹمر کا اکاؤنٹ بھی کھول سکتے ہیں جو / جو پاکستان میں کسی بینک، مائیکروفنانس بینک، نان بینکنگ فنانس کمپنیوں یا کسی دوسرے ادارے کے ساتھ اکاؤنٹ رکھتا ہے جسے ایس ای سی پی (مشترکہ طور پر مجاز ادارہ کہا جاتا ہے") ایسی شرائط وضوابط پر اختیار دے جو پی ایس ایکس کی طرف سے بیان کردہ طریقہ کار میں بیان کی گئی ہیں یا جس میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی جاتی ہے

(پ) پاکستان میں بینکوں کے ذریعے اشتراک کردہ KYC معلومات کی بنیاد پر غیر مقیم پاکستانیوں (NRP) کا اکاؤنٹ کھولنا:

ایک غیر مقیم پاکستانی کسی بھی نامزد پاکستانی بینکوں کے آن لائن پورٹل) روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (RDA میں بینک اکاؤنٹ کھول سکتا ہے اور مختلف اثاثہ جات کی کلاسوں جیسے کہ نیشنل سیونگ اسکیم، گورنمنٹ سیکیورٹیز، لسٹڈ کمپنیوں کی سیکیورٹیز (Roshan Equity Investment – REI) میوچل فنڈز وغیرہ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کر سکتا ہے۔

جب NRP کیپٹل مارکیٹ (REI) میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرے گا تو NRP کو بینک کے پورٹل پر فراہم کردہ نامزد پی ایس ایکس بروکرز کی فہرست میں سے انتخاب کرنا ہو گا اور پی ایکس بروکر کے ساتھ اکاؤنٹ کھولنے کے لیے درکار کوئی بھی اضافی معلومات بینک کو فراہم کرنی ہو گی۔ اس طرح کی اضافی معلومات کو بینک کے ذریعے منتخب پی ایکس بروکر اور NCCPL کو UIN بنانے کے لیے آگے منتقل کرنے کے لیے CDC کو منتقل کیا جائے گا۔ پی ای ایکس بروکر اپنا KYC اور CDD کرے گا اور ٹریڈنگ اکاؤنٹ کھولنے کے بارے میں NRP اور CDC سے تصدیق کرے گا۔

مزید تفصیلات کے لیے، قارئین کو پی ایکس کے ضوابط کی شق 4.15 کا مطالعہ کرنا چاہیے

6. اکاؤنٹ کی سہولت کاری / کسٹمر ہیلپ سینٹرز:

اکاؤنٹ کی سہولت / کسٹمر ہیلپ سینٹرز کا مطلب پی ایکس بروکر کی جانب سے کھولے گئے ایسے سنٹرز ہیں جو ایسی سرگرمیوں کو دیکھیں گے جیسا کہ پی ایس ایکس ریگولیشنز کے باب A 22 میں بیان کیا گیا ہے۔ ان سنٹرز میں مجاز اتھارٹی کا سیلز آفس شامل ہے جس میں کمرشل بینک، اثاثہ جات کی انتظامی کمپنی، انشورنس کمپنی یا کوئی اور ادارہ شامل ہے جو کہ ایس ای سی پی کی پیشگی منظوری کے ساتھ پی ایس ایکس کی جانب سے بیان کی گئی ہو۔

پی ایس ایکس کے ضوابط کے باب 22 کے مطابق برانچ آفس کھولنے کے علاوہ پی ایکس ایکس بروکرز پی ایس ایکس کے ضوابط کے باب A 22 کے مطابق سنٹرز بھی کھول سکتے ہیں اور ایسے سنٹرز کو اپنی مصنوعات کی مارکیٹنگ، نئے کسٹمرز کو راغب کرنے، موجودہ کسٹمرز کے سوالات کو حل کرنے اور خواندگی دینے، اور اپنے موجودہ کسٹمرز کو ان کی مقامی زبان میں سہولت فراہم کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ اس سے ان کے ایسے کسٹمرز جو دور دراز علاقوں میں ہیں اور ذاتی طور پر اپنے علاقے کے قریب پی ایس بروکر کے مجاز دفتر میں جانے میں بھی مدد ملے گی۔

سنٹر میں صرف مندرجہ ذیل سرگرمیاں انجام دینے کی اجازت ہے:

الف) اکاؤنٹ کھولنے اور KYC تصدیقی جانچ کے انعقاد میں صارفین کی سہولت اور رہنمائی

ب) مارکیٹنگ کی تعلیم اور ٹیوٹوریل کے مقاصد کے لیے اکاؤنٹ کھولنے کے فارم، رسک ڈسکلوزر دستاویز، سرمایہ کاروں کی آگاہی گائیڈ، ٹیرف کاڈھانچہ اور کوئی پرنٹ یا الیکٹرانک مواد کی فراہمی

پ) کسٹمرز کے مسائل اور شکایات کا ازالہ اور

ج) کوئی دوسری سرگرمی جس کی پی ایس ایکس کی طرف سے اجازت ہو سکتی ہے۔

سنٹر کے اندر درج ذیل سرگرمیوں کی ممانعت ہے:

الف) اپنے اکاءونٹ یا کسٹمرز کے اکاءونٹ سے ٹریڈنگ سرگرمیاں

ب) اپنے کسٹمرز کو سرمایہ کاری کی مشاورتی خدمات یا تجارتی سفارشات کی فراہمی

پ) گاہکوں سے / کو نقد رسید / ادائیگی

ج) پی ایس ایکس یا کسی تیسرے فریق سے حاصل کردہ ٹریڈنگ ٹرمینلز یا کوئی بھی تجارتی متعلقہ ایپلی کیشنز کی تنصیب

د) سسٹم آپریٹرز / تاجروں کی تعیناتی

ذ) اکاؤنٹس، ریکارڈ وغیرہ کا حساب رکھنا اور

ف) کوئی دوسری سرگرمی جس پر پی ایس ایکس کی طرف سے ممانعت ہو سکتی ہے۔

یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ یہ سنٹرز پی ایس ایکس کے ضوابط کے تحت فراہم کردہ درج ذیل تعریفوں کے اندر نہیں آتے ہیں۔

الف) بروکر کا مرکزی دفتر

ب) ہیڈ آفس اور

پ) دفتر یا برانچ آفس

پی ایس ایکس بروکر کی ذمہ داریوں اور سنٹرز کے حوالے سے پی ایس ایکس کے اختیارات کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے، قارئین کو پی ایس ایکس کے ضوابط کا باب 22A کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

7. اپنے کسٹمر کو جاننے کی آرگنائزیشن کو سنٹرلائزڈ کرنا:

سینٹرلائزڈ Know Your Customer (KYC) تنظیم (CKO) رولز، 2017 وفاقی حکومت نے سیکورٹیز ایکٹ 2015 کے تحت جاری کیے ہیں۔ ان CKO رولز کے تحت NCCPL کو CKO کے طور پر کام کرنے کا لائسنس دیا گیا ہے۔ نتیجے کے طور پر LPCCN نے اس کے مطابق اپنا ریگولیٹری فریم ورک تیار کیا ہے اور کسٹمرز کے لیے CYK فارم کی وضاحت کی ہے۔

ایک بار جب CKO نے کسی کسٹمر کے لیے KYC کا عمل انجام دے دیا اور KYC انفارمیشن سسٹم KIS میں تمام تفصیلات فراہم کر دیں، تو ایسے کسٹمر / متعلقہ مجاز انٹرمیڈیری (AI) کو CKO کے ساتھ مکمل KYC عمل دوبارہ شروع کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ مثال کے طور پر پی ایس ایکس بروکر A کے کسٹمر کو KYC فارم کو PSX بروکر B کے ساتھ دوبارہ بھرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔

8. کسٹمرز کو لازمی ٹیرف اسٹرکچر کی فراہمی:

ہر پی ایس ایکس بروکر پر اپنے صارفین کو درج ذیل معلومات پر مشتمل CRF اور سہولت فارم سے منسلک ٹیرف شیڈول فراہم کرنا لازم ہے

الف) کمیشن کی شرح اور کوئی چارجز

ب) قابل اطلاق ریگولیٹری لیویز یعنی پی ایس ایکس، سی ڈی سی، این سی سی پی ایل اور ایس ای سی پی وغیرہ کی ٹریڈ یا لین دین کی فیس اور

پ) قابل اطلاق قانونی محصولات یعنی وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ٹیکس اور ڈیوٹی

صارفین کو اکاؤنٹ کھولنے کے وقت اپنے پی ایس ایکس بروکر سے مذکورہ ٹیرف شیڈول کی ایک کاپی حاصل کرنی چاہیے اور لین دین کی لاگت کا تعین کرنے کے لیے اسے پڑھنا چاہیے۔ پی ایس ایکس بروکر کو اپنے کسٹمرز کی رضامندی، دستخط کے ذریعے یا ڈیجیٹل ذراءع استعمال کرتے ہوئے یا بصورت دیگر تحریری شکل میں حاصل کرنی چاہیے۔

اوپر پوائنٹ (ب) اور (پ) میں مذکور ٹیرف شیڈول میں کسی تبدیلی کی صورت میں پی ایس ایکس بروکر کو اس میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع اس تبدیلی کی مؤثر تاریخ سے سات (07) کام کے دنوں کے اندر اپنے کسٹمرز کو بتانی ہو گی۔ تاہم، پوائنٹ (الف) میں مذکور ٹیرف میں کوئی بھی تبدیلی کسٹمرز کو بتائے جانے کے بعد کم از کم 30 دن یا پی ایس ایکس کی طرف سے بتائی گئی زیادہ دنوں کی مؤثر تاریخ سے پہلے لاگو ہو گی۔ تبدیلی کو تحریری طور پر مواصلات کے قابل قبول ذراءع کے ذریعے بتانا ہو گا جیسا کہ؛ اور سہولت فارم کے تحت فراہم کیا گیا ہے۔

9. سی آر ایف، سہولت فارم، کے وائی سی فارم اور این سی پی ایل کے منفرد شناختی نمبر (UIN) ڈیٹا بیس میں برقرار معلومات کی یکسانیت:

یہ ضروری ہے کہ KYC فارم اور CRF میں فراہم کردہ کسٹمر کی معلومات این سی سی پی ایل کے یو آئی این ڈیٹا بیس میں فراہم کردہ معلومات سے مماثلت رکھتی ہو۔ کسٹمرز کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات جیسے کہ شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر، ای میل پتہ اور رہائشی پتہ کے وائی سی فارم CRF ، CDC کے سینٹرل ڈپازٹری سسٹم (CDS) اور NCCPL کے نیشنل کلیئرنگ اینڈ سیٹلمنٹ سسٹم (NCSS) میں درست طریقے سے درج ہیں۔ مزید، صارفین کو معلومات کی درستگی اور مکمل ہونے کی تصدیق کے بعد پی ایس ایکس بروکر کے ذریعے فراہم کردہ CDC پوسٹ کردہ رپورٹ پر دستخط کرنا یقینی بنانا چاہیے۔

10. کسٹمرز کی رقم اور سیکورٹیز کی علیحدگی کی شرائط:

پی ایس ایکس بروکرز کی قانون کے تحت ایک حقیقی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے کسٹمرز کی رقم اور سیکیورٹیز کو ان کے اپنے اثاثوں سے مکمل طور پر الگ رکھیں اور انہیں ہر وقت محفوظ رکھیں۔ کسی بھی پی ایس ایکس بروکر کو کسی بھی صورت میں کسٹمرز کے فنڈز اور سیکیورٹیز کو اپنے مقصد / فائدے کے لیے غیر مجاز استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

11. سیکورٹیز بروکرز کی صارفین کے غیر استعمال شدہ فنڈز پر کمائے گئے منافع کی تقسیم:

پی ایس ایکس پر لازم ہے کہ وہ متعلقہ کسٹمرز کو ان کے غیر استعمال شدہ بیلنس کے تناسب سے وہ منافع کو منتقل کریں جو بینک کے ذریعے کریڈٹ کیا جاتا ہے، اگر اس طرح کے فنڈز منافع والے بینک اکاؤنٹ میں رکھے جاتے ہیں۔ کوئی بھی کسٹمر جو منافع حاصل نہیں کرنا چاہتا اسے اپنے پی ایس ایکس بروکر کو تحریری طور پر اس کی وضاحت کرنی چاہیے۔

12. ٹریڈنگ آرڈرز / ہدایات کی جگہ

کسٹمرز ہر ٹریڈ کے لیے انٹرنیٹ سے منسلک ٹریڈنگ نظام کے ذریعے پی ایس ایکس بروکرز کو تحریری طور پر، زبانی طور پر بروکرز کی مخصوص ریکارڈ شدہ ٹیلی فون لائن (زبانوں) کے ذریعے، تحریری طور پر رجسٹرڈ ای میل ایڈریس / موبائل / فیکس / خط کے ذریعے، یا انٹرنیٹ پر مبنی آن لائن مواصلات کے منظور شدہ ذراءع کے ذریعے آرڈر کے لیے ہدایت دے۔ کسٹمرز کو آرڈر کی ہدایات دیتے وقت مناسب خیال اور بروقت کام لینا چاہیے اور واضح طور پر بتانا چاہیے کہ آیا آرڈر خرید، فروخت یا مختصر فروخت کا آرڈر ہے۔

کسٹمرز کی طرف سے مندرجہ بالا طریقوں میں سے کسی کے ذریعے دیے گئے تجارتی آرڈرز میں متعلقہ تفصیلات کی وضاحت ہونی چاہیے جیسے کہ خریدے یا فروخت کیے جانے والے سیکیورٹیز اور / یا مستقبل کے معاہدوں کا نام اور تعداد، لین دین کی نوعیت اور قیمت کی حد اگر کوئی ہے، وغیرہ

گاہک کو درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے:

الف) شارٹ شیئر (یعنی پہلے سے موجود دلچسپی کے بغیر باقاعدہ مارکیٹ میں فروخت ہونے والے حصص یا سی ڈی ایس اکاؤنٹ میں دستیاب حصص لیکن کلائنٹ یا ملکیتی اکاؤنٹ کے پاس این سی سی پی ایل میں ایس ایل بی مارکیٹ کے ذریعے ایس ایل بی کا معاہدہ ہے) کی ریڈی مارکیٹ میں اجازت ہے۔

ب) سیل آرڈر دینے کے وقت بلینک سیل) یعنی پہلے سے موجود دلچسپی کے بغیر فروخت یا CDS اکاؤنٹ میں دستیاب حصص (کی ریڈی مارکیٹ میں سختی سے ممنوع ہے۔ تاہم، ڈیلیوری ایبل فیوچرز کنٹریکٹ مارکیٹ میں بلینک سیل کی اجازت ہے جس کا خصوصی آرڈر F8 ونڈو کے ذریعے جو کہ تجارتی نظام میں خالی فروخت کے لیے مخصوص کردہ حدود کے ساتھ مشروط ہے جو پی ایکس ضوابط کے باب 13 میں بیان کی گئی ہے۔

مزید برآں، پی ایس ایکس بروکرز کو زبانی آرڈر دینے والے کسٹمرز کو پی ایس ایکس بروکرز کو ایسے آرڈرز کا تحریری تصدیق نامہ بھی فراہم کرنا چاہیے۔

13. آن لائن ٹریڈنگ

آن لائن ٹریڈنگ سروسز کے متعارف ہونے کے ذریعے سیکیورٹیز مارکیٹ میں تجارت کو آسان، سستا اور تیز تر بنایا گیا ہے۔ اگرچہ یہ صارفین کو بہت سے فوائد فراہم کرتا ہے، لیکن آن لائن ٹریڈنگ مکمل طور پر محفوظ اور قابل اعتماد نہیں ہو سکتی ہے اور تکنیکی رکاوٹوں کی وجہ سے معلومات کی ترسیل یا ہدایات پر عمل درآمد میں تاخیر کا سبب بن سکتی ہے۔ صارفین کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ آن لائن ٹریڈنگ میں شامل خطرات کو جانیں اور اہم حفاظتی خصوصیات کے بارے میں معلومات حاصل ہیں جیسے انکرپشن، فائر والز، اینٹی وائرس، مضبوط اور پیچیدہ پاس ورڈ استعمال کریں، ملٹی فیکٹر تصدیق کو فعال کریں، لنکس پر کلک کرنے یا نامعلوم سے ڈاؤن لوڈ کرنے سے گریز کریں یا مشتبہ ای میلز، عوامی وائی فائی استعمال کرنے سے گریز کریں، ان کی تجارتی معلومات کو خفیہ اور محفوظ رکھنے کے لیے باقاعدگی سے اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹس اور ٹرانزیکشن ہسٹری وغیرہ کو چیک کریں۔ مزید برآں کسٹمرز کو یہ اعتراف کرنا چاہیے کہ وہ آن لائن ٹریڈنگ سے یا کسی تیسرے شخص کو رسائی کوڈز اور پاس ورڈز کے افشاء یا رسائی کوڈز اور; 223; یا پاس ورڈز کے کسی غیر مجاز استعمال کی وجہ سے پیدا ہونے والے کسی بھی نتائج کے لیے مکمل طور پر ذمہ دار ہوں گے۔

مزید برآں، کسٹمرز کو یہ یقینی بنانا چاہیے کہ آن لائن اکاؤنٹ کھولتے وقت، تمام کمیونیکیشن لائسنس یافتہ سیکیورٹیز بروکر کے ملازم (ملازمین) کے ساتھ ہوتی ہے۔ اس مقصد کے لیے کسٹمر ایسے شخص کی تصدیق کے لیے کسی سیکیورٹیز بروکر کو اس کی آفیشل ٹیلی فون لائن (لائنز) اور / یا UAN پر کال کر سکتا ہے۔

14. ٹریڈنگ کے دوران کسٹمرز کی ذمہ داریاں اور فرائض

کسٹمرز کو پی ایس ایکس رول بک کے باب A7 کے تحت مارکیٹ مس کنڈکٹ ریگولیشنز اور پی ایس ایکس یا ایس ای سی پی کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ تمام قابل اطلاق قوانین، قواعد، ضوابط، پالیسیوں، نوٹسز، ہدایات، رہنما خطوط وغیرہ کی شرائط پر عمل کرنا چاہیے تاکہ ان پر عائد ریگولیٹری اور طریقہ کار کی ذمہ داریوں کی ہر وقت پوری طرح تعمیل کی جا سکے

یہ کسٹمرز کی قانونی اور اخلاقی ذمہ داری ہے کہ وہ دیانتداری، بروقت اور انصاف پسندی کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھیں اور کیپٹل مارکیٹ کی سرگرمیوں میں کام کرتے وقت خالصتاً جائز طریقے سے کام کریں۔ ایک کسٹمر کو تجارتی سرگرمیاں انجام دیتے وقت ناجائز کاموں میں ملوث نہیں ہونا چاہیے جیسے کہ انسائیڈر ٹریڈنگ، مارکیٹ میں ہیرا پھیری یا مارکیٹ میں کوئی اور ناجائز سرگرمی جو گورننگ قوانین کے تحت ممنوع ہیں یا کسٹمر کی طرف سے کوئی اور ایسا غیر قانونی کام مجرمانہ جرم کے مترادف ہے۔ اس کے علاوہ، ایک کسٹمر جو کسی دوسرے کسٹمر کو مارکیٹ میں بدانتظامی کا ارتکاب کرنے یا کرنے کی کوشش کرنے میں سہولت فراہم کرتا ہے، وہ بھی ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا۔

15. مارجن جمع کرنے کے لیے کسٹمرز کی ذمہ داری

کسٹمرز پر تمام قابل اطلاق مارجنز (ایکسپوزر مارجن، مارک ٹو مارکٹ مارجن اور کوئی دوسرا قابل اطلاق مارجن) جمع کرانا لازمی ہے جو پی ایس ایکس بروکر کے لیے کسی مارکیٹ میں ٹریڈ کے لیے ضروری ہے۔ ایسے مارجنز این سی پی ایل ضوابط سے متعلق باب 2 کے شیڈول II تحت کسی بھی صورت میں جمع کرائے جا سکتے ہیں۔

16. ادائیگی (پے منٹ) کے ذرائع / رسید

کسٹمرز کے لیے یہ لازمی ہے کہ وہ پی ایس ایکس بروکرز سے تمام ادائیگیاں صرف کراس شدہ چیک / بینک ڈرافٹ / پے آرڈرز یا کسی دوسرے بینکنگ چینلز سے اپنے نام پر وصول کریں۔ اسی طرح کسٹمرز کو پی ایس ایکس بروکرز کو ادائیگیاں A/C pay only کراس شدہ چیک، بینک ڈرافٹس، پے آرڈرز یا دیگر بینکنگ چینلز کے ذریعے کرنی چاہئیں جو ان کے اپنے بینک اکاؤنٹ پر بنائے گئے ہیں اور اس کی رسید حاصل کریں۔ نقد ادائیگی کی صورت میں (زیادہ سے زیادہ 25,000 پاکستانی روپے تک کی اجازت ہے)۔ کسٹمرز کو خاص طور پر یہ بتاتے ہوئے رسید حاصل کرنی چاہیے کہ یہ ادائیگی مارجن یا سیکیورٹیز کی خریداری کے لیے ہے۔

پی ایس ایس بروکرز غیر معمولی حالات میں کسٹمرز سے 25,000 پاکستانی روپے سے زیادہ کیش قبول کر سکتے ہیں جہاں یہ ان کے لیے صرف پی ایس ایکس بروکر کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے لیے ضروری ہو جاتا ہے۔ پی ایس ایکس بروکرز پر لازم ہے کہ وہ ایسی غیر معمولی واقعات کی اطلاع پی ایس ایکس کو ایک تجارتی دن کے اندر تجویز کردہ رپورٹنگ میکانزم کے ذریعے دیں۔

17. ٹریڈنگ کی تصدیق کی فراہمی

پی ایس ایکس بروکرز کو CRF اور سہولت فارم میں بیان کردہ کمیونیکیشن کے کسی بھی پہلے طے شدہ نظام ذریعے کے ذریعے ٹریڈنگ کے 24 گھنٹوں کے اندر کسٹمرز کی سیکیورٹیز کی خرید، فروخت یا تبادلے کے لیے روزانہ کی ٹریڈ کے سلسلے میں اپنے کسٹمرز کو ایک کنٹریکٹ نوٹ فراہم کرنا چاہیے۔

تصدیقی آرڈر میں درج ذیل مخصوص معلومات کو قطعی طور پر شامل کیا جائے گا:

الف) تاریخ جس پر حکم پر عمل درآمد کیا جاتا ہے

ب) سیکیورٹیز کا نام اور تعداد

پ) تجارت کی نوعیت (اسپاٹ، ریڈی، فیوچر، لیوریجڈ مارکیٹ، ڈیبٹ مارکیٹ اور یہ بھی کہ خریدا یا بیچا گیا)

ج) قیمت

د) کمیشن کی شرح اور کوئی دیگر چارجز

ذ) قابل اطلاق ریگولیٹری لیویز یعنی ایکسچینج، سی ڈی سی، این سی سی پی ایل اور ایس ای سی پی وغیرہ کی تجارتی فیس

ف) قابل اطلاق قانونی محصولات یعنی وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ٹیکس اور ڈیوٹی

ق) آرڈر سیکیورٹیز بروکر کے اپنے اکاؤنٹ کے لیے دیا گیا یا مارکیٹ سے۔

کسٹمرز کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ وہ پی ایس ایکس بروکرز سے کنٹریکٹ نوٹس وصول کریں جس کے ذریعے انہوں نے ٹریڈ کی ہے اور اس بات کی توثیق کریں کہ ہونے والی ٹریڈ وہی ہے جس کی کسٹمرز کی جانب سے ہدایت کی گئی ہے۔

کنٹریکٹ نوٹ جاری نہ ہونے کی صورت میں یا اس میں اگر کوئی تضاد پایا جاتا ہے کسٹمرز کو ایک تجارتی دن کے اندر پی ایکس بروکر کو اس کی اطلاع دینی ہو گی بصورت دیگر ٹریڈ کو حتمی اور کسٹمر پر پابند سمجھا جائے گا۔ اگر پی ایس ایکس بروکر تضاد کو درست نہیں کرتا ہے یا کسٹمر کو جواب نہیں دیتا ہے، تو کسٹمر کو فوری طور پر مندرجہ ذیل طریقوں میں سے کسی کے ذریعے پی ایس ایکس کے ریگولیٹری افیئرز ڈویژن میں شکایت درج کرانی چاہیے:

بذریعہ ڈاک	**چیف ریگولیٹری آفیسر** ریگولیٹری امور ڈویژن، دوسری منزل، ایڈمنسٹریشن بلڈنگ، پاکستان اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، پاکستان اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی 74000
بذریعہ ای میل	investor.complaints@psx.com.pk

شکایت / دعوے کا فارم پی ایس ایکس کی ویب ساءٹ www.psx.com.pk کے لنک انویسٹر سینٹر سیکشن پر جا کر ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

18. سیکورٹیز ٹریڈز کے لیے این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کی طرف سے ایس ایم ایس اور / یا ای الرٹس

معلومات کی رازداری کو برقرار رکھتے ہوئے کسٹمرز کو ان کی ٹریڈ اور لین دین کے بارے میں تیز اور آسان طریقے سے اپ ڈیٹ رکھنے کے لیے این سی پی ایل کسٹمرز کو ایس ایم ایس اور / یا ای میل کے ذریعے ٹریڈنگ کی معلومات دن کے آخر میں فراہم کرتا ہے۔ دن کے دوران یو آئی این اسی طرح سی ڈی سی کسٹمرز کو سی ڈی ایس میں ان کے حصص کی نقل و حرکت کے بارے میں ایس ایم ایس اور / یا ای الرٹس فراہم کرتا ہے۔

اس طرح کے پیغامات / ای الرٹ سہولیات سے فائدہ اٹھانے اور روزانہ کی ٹریڈ کو ٹریک کرنے اور اس کا ریکارڈ برقرار رکھنے کے لیے کسٹمرز کو تاکید کی جاتی ہے ہے کہ وہ اپنا درست موبائل نمبر اور / یا اپنا ای میل پتہ این سی سی پی ایل اور سی ڈی سی کو فراہم کریں۔

19. سی ڈی سی کی جانب سے سیکیورٹیز کی پوزیشن کی تصدیق

کسٹمرز سی ڈی سی ریکارڈ کے مطابق اپنے ذیلی اکاؤنٹس میں اپنی سیکیورٹیز کی پوزیشن کے بارے میں تازہ ترین معلومات حاصل کرنے کے لیے سی ڈی سی سے رابطہ کر سکتے ہیں اور اس معلومات کو پی ایس ایکس بروکر کے بیک آفس ریکارڈ کے مطابق سیکیورٹیز پوزیشنز سے ملا کر دیکھا جا سکتا ہے۔ سی ڈی سی کی جانب سے فراہم کردہ معلومات اور پی ایس ایکس بروکر کے ذریعے فراہم کردہ سیکیورٹیز پوزیشن کے درمیان کسی بھی فرق کی صورت میں کسٹمر کو اس تضاد کو دور کرنے کے لیے فوری طور پر پی ایس ایکس بروکر کو اس کی اطلاع دینی چاہیے۔ عدم تعاون یا مسئلے کے حل نہ ہونے کی صورت میں کسٹمر کو فوری طور پر پی ایس ایکس کے ریگولیٹری افیئرز ڈویژن کے پاس ایک صحیح طریقے سے پر سرمایہ کار شکایت/دعویٰ فارم investor.complaints@psx.com.pk جمع کرائیں

شکایت / دعوے کا فارم پی ایس ایکس کی ویب ساءٹ www.psx.com.pk کے لنک انویسٹر سینٹر سیکشن پر جا کر ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

20. کیش اور سیکورٹیز پوزیشن ظاہر کرنے کے لیے لیجر کی تفصیلات حاصل کرنے کا حق

کسٹمرز کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ پی ایس ایکس بروکر یا اس کے مجاز نمائندے کی باضابطہ مہر اور دستخط کے ساتھ پی ایس بروکر کے ساتھ کھولے گئے اپنے اکاؤنٹ میں کیش اور پورٹ فولیو پوزیشن ظاہر کرنے والے لیجر اسٹیٹمنٹ کی ایک کاپی حاصل کریں۔ لیجر سٹیٹمنٹ میں کسی بھی فرق کی صورت میں کسٹمرز کو لیجر سٹیٹمنٹ کی وصولی کے ایک (1) تجارتی دن کے اندر پی ایس ایکس بروکر کو اطلاع کرنا لازمی ہے تاکہ اس فرق کو دور کیا جا سکے۔ کسی بھی تضاد کے حل نہ ہونے کی صورت میں کسٹمرز کو پی ایس ایکس کو اس کی اطلاع دینی چاہیے۔ پی ایس ایکس بروکر کے مجاز نمائندے کا نام اس کی شاخوں / دفاتر کے داخلی دروازے پر آویزاں ہوتا ہے۔

21. پی ایس ایکس بروکرز کی طرف سے سہ ماہی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کی لازمی فراہمی

پی ایس ایکس بروکرز کے پاس رکھے گئے صارفین کے اثاثوں کی حفاظت اور سیکیورٹیز انڈسٹری میں شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ہر پی ایس ایکس بروکر کو ہر سہ ماہی کے اختتام کے 15 دنوں کے اندر اپنے صارفین کو ایک سہ ماہی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ فراہم کرنا ضروری ہے جو کسٹمر کی جانب مقرر کردہ قابل قبول کمیونیکیشن کے ذریعے ہو۔۔ سہ ماہی اسٹیٹمنٹ میں کیش لیجر اسٹیٹمنٹ کو کھولنے اور بند کرنے والے کیش بیلنس کے ساتھ، رقم کی تمام رسیدیں اور ادائیگیاں اور کلائنٹ کے اکاؤنٹ میں ڈیبٹ یا کریڈٹ کی گئی رقم کی ذمہ داری پی ایس ایکس بروکر کے بیک آفس ریکارڈ کے مطابق سیکیورٹیز پوزیشنز اور سی ڈی ایس کے ریکارڈ کے مطابق گروی رکھی گئی سیکیورٹیز، اور سیکیورٹیز کی پوزیشن کے ساتھ ساتھ اس میں موجود کسی فرق کو ختم کر کے دکھانا ضروری ہے۔

کسٹمرز کو پی ایس ایکس بروکر کی طرف سے فراہم کردہ سہ ماہی سٹیٹمنٹس کو حاصل کرنا، پڑھنا اور ان کی تصدیق کرنی چاہیے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ پی ایس ایکس بروکرز کو سہ ماہی کے دوران کلائنٹس کے آرڈر ہدایات کے مطابق ہی کیش اور سیکیورٹیز کی حقیقی پوزیشن کو ظاہر کرتا ہے۔ کسی بھی فرق کی صورت میں کسٹمر کو فوری طور پر اس کی اطلاع پی ایس ایکس بروکر کو دینی چاہیے تاکہ اس فرق کو دور کیا جا سکے اور اس کے ساتھ پی ایس ایکس کو بھی اس کی اطلاع دیں۔ عدم تعاون یا مسئلے کے حل نہ ہونے کی صورت میں کسٹمر کو فوری طور پر پی ایس ایکس کے ریگولیٹری افیئرز ڈویژن کے پاس تحریری طور پر پر سرمایہ کاروں کا شکایت / دعویٰ فارم investor.complaints@psx.com.pk جمع کرانا چاہیے۔

شکایت / دعوے کا فارم XSP کی ویب ساءٹ www.psx.com.pk کے لنک انویسٹر سینٹر سیکشن پر جا کر ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

22. سی ڈی سی میں انویسٹر اکاؤنٹ کھولنے کی سہولت

سی ڈی سی کی جانب سے کسٹمرز کو سی ڈی سی میں براہ راست انویسٹر اکاؤنٹ کھولنے کا بہترین آپشن فراہم کیا گیا ہے جس کے ذریعے سیکورٹیز کی محفوظ تحویل کو یقینی بنایا جاتا ہے کیونکہ وہ براہ راست سی ڈی سی کے نگرانی میں ہوتے ہیں۔ سرمایہ کار اکاؤنٹ ہولڈرز کا اپنی سیکیورٹیز پر براہ راست اور مکمل کنٹرول ہوتا ہے کیونکہ یہ اکاؤنٹ صرف سرمایہ کاروں کی ہدایات پر چلایا جاتا ہے۔ ایک سے زیادہ ویلیو ایڈڈ سروسز اس اکاؤنٹ پر چوبیس گھنٹے دستیاب ہیں جس میں اکاؤنٹ اور کیش بیلنس، اکاؤنٹ اور کیش سرگرمیاں خصوصی ویب پورٹل، انٹر ایکٹو وائس رسپانس (IVR) ایس ایم ایس، ای اسٹیٹمنٹ اور ای الرٹس کے ذریعے دیکھی جاسکتی ہیں.

23. این سی سی پی ایل کے این سی ایس اور سی ڈی سی کے ڈی ایس ایس کے ذریعے ٹریڈ کی براہ راست سیٹلمنٹ

کسٹمرز کی جانب سے کی جانے والی ٹریڈ کی کلیئرنگ اور سیٹلمنٹ کے عمل میں کارکردگی میں اضافہ اور شفافیت لانے اور ان کے کیش اور سیکیورٹیز کو زیادہ سے زیادہ تحفظ فراہم کرنے کے لیے سی ڈی سی اور این سی سی پی ایل نے بالترتیب نیشنل کسٹوڈیل سروسز (NCS) اور ڈائریکٹ سیٹلمنٹ سروسز (DSS) کا آغاز اسٹاک مارکیٹ سرمایہ کاروں کے لیے کیا ہے۔

ان خدمات کے تحت پی ایس ایکس بروکرز صرف ٹریڈ عمل کے لیے شامل ہوں گے جبکہ این سی سی پی ایل یا سی ڈی سی ایس ٹریڈز کے لیے کلیئرنگ، سیٹلمنٹ اور کسٹوڈیل خدمات فراہم کریں گے۔ اس مقصد کے لیے سرمایہ کار ویب پر مبنی NCS اکاؤنٹ NCCPL کے ساتھ کھولیں گے یا CDC کے ساتھ IAS اکاؤنٹ کھولیں گے۔

یہ براہ راست سیٹلمنٹ کی سہولیات سرمایہ کاروں کو اس قابل بناتی ہیں کہ وہ براہ راست NCCPL اور / یا CDC کے ساتھ اپنے کیش اور سیکیورٹیز بیلنس کو برقرار رکھ سکیں۔ ان خدمات کے بارے میں مکمل معلومات حاصل کرنے کے لیے کسٹمرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ NCCPL کی ویب ساءٹ کے پروڈکٹس اینڈ سروسز سیکشن : www.nccpl.com.pk اور CDC ویب ساءٹ کے بزنس سیکشن www.cdcpakistan.com ملاحظہ کریں۔

24. این سی سی پی ایل کے یو آئی این انفارمیشن سسٹم کے ذریعے آن لائن رسائی:

شفافیت کو بڑھانے، سرمایہ کاروں کے اعتماد کو فروغ دینے اور کلائنٹس کی سیکیورٹیز کے غلط استعمال کے خطرے کو کم کرنے کے لیے، این سی سی پی ایل نے ایک ویب پر مبنی یو آئی این انفارمیشن سسٹم (UIN) تیار کیا ہے تاکہ سرمایہ کاروں کو ان کی ٹریڈنگ، سیٹلمنٹ اور متعلقہ معلومات کو ٹریک کرنے کے قابل بنایا جاسکے۔ یہ سسٹم یو آئی این ہولڈرز کو اس قابل بناتا ہے کہ وہ اپنی تمام ٹریڈنگ، سیٹلمنٹ اور متعلقہ معلومات کو ان کے متعلقہ پی ایس ایکس بروکرز کے ساتھ ہموار اور موثر انداز میں ایک مخصوص اور وقف یوزر آئی ڈی اور پاس ورڈ کے ذریعے دیکھ سکیں۔ یو آئی ایس کا درخواست فارم این سی سی پی ایل کی ویب ساءٹ www.nccpl.com.pk پر دستیاب ہے یا براہ راست این سی سی پی ایل کے دفاتر سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

25. مقررہ رسک ڈس کلوژر دستاویز:

صارفین کے لیے خطرات کو سمجھنے اور ان کی مالی صورتحال، اہداف اور خطرے کی برداشت کی بنیاد پر سرمایہ کاری کے زبردست فیصلے کرنے میں مدد کرنے کے لیے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے 2016 کے سیکیورٹیز بروکرز (لائسنسنگ اور آپریشنز) ریگولیشنز کے لیے درکار ایک نمونہ رسک ڈسکلوژر دستاویز تیار کی ہے۔ یہ رسک ڈسکلوژر دستاویز پی ایس ایکس پر دستیاب مالیاتی آلات میں تجارت اور سرمایہ کاری میں شامل مختلف خطرات کی وضاحت کرتی ہے۔

پی ایس ایکس بروکرز کو اپنے ہر نئے گاہک کو رسک ڈسکلوزر دستاویز لازمی طور پر فراہم کرنا چاہیے اور صارفین کی طرف سے دستخط شدہ اور تاریخ شدہ انڈرٹیکنگ حاصل کرنا چاہیے جس میں تصدیق کی جائے کہ وہ رسک ڈسکلوژر دستاویز کی نوعیت اور مواد کو سمجھ چکے ہیں۔

لہذا، صارفین سے ضروری ہے کہ وہ پی ایس ایکس بروکرز کے ساتھ کاروبار شروع کرنے سے پہلے خطرے (رسک) کے انکشاف کی دستاویز کو اپنے مفاد میں بغور پڑھیں اور سمجھیں۔

26. کسٹمرز کو مقررہ / خاص ریٹرن کی گارنٹی دینے کی ممانعت:

پی ایس ایکس بروکرز کو صارفین یا اپنے لیے سیکیورٹیز خریدنے، بیچنے، تبادلے یا سبسکرائب کرنے کا لائسنس دیا گیا ہے۔ تاہم، انہیں عوام یا سرمایہ کاروں سے فکسڈ یا گارنٹی شدہ ریٹرن کے وعدوں کے ساتھ ڈپازٹ لینے کی اجازت نہیں ہے، کیونکہ یہ غیر قانونی ہے اور اسے دھوکہ دہی سمجھا جاتا ہے۔ صارفین کو آگاہ ہونا چاہیے کہ سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری میں اتار چڑھاؤ کا خطرہ ہوتا ہے، جس سے منافع غیر متوقع ہوتا ہے۔

صارفین کو ان غیر قانونی سرگرمیوں سے ہوشیار رہنا چاہیے اور کسی بھی نام سے کسی بھی پی ایس ایکس بروکر کو ڈپازٹ نہیں دینا چاہیے، کیونکہ یہ غیر قانونی ہے۔ اس طرح کے غیر قانونی ڈپازٹس سے متعلق کسی بھی دعوے پر پی ایس ایکس کی طرف سے توجہ نہیں دی جائے گی، کیونکہ یہ کیپٹل مارکیٹ کی جائز سرگرمیوں کے دائرہ کار سے باہر ہے۔

27. شکایت کے ازالے کا میکنزم:

اگر کسی صارف کا پی ایس ایکس بروکر یا نمائندے کے ساتھ کسی تجارت یا لین دین سے متعلق کوئی تنازعہ ہے جسے خوش اسلوبی سے حل نہیں کیا جا سکتا، تو صارف پی ایس ایکس میں شکایت درج کروا سکتا ہے۔ اس کے بعد پی ایس ایکس ریگولیشنز کے باب 18 کے طریقہ کار کے مطابق تنازعہ کو ثالثی کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔ شکایات پی ایس ایکس کے ریگولیٹری افیئرز ڈویژن میں سرمایہ کاروں کے شکایت \ دعوے کے فارم کو پُر کر کے اور اسے ہارڈ کاپی میں یا investor.complaints@psx.com.pk پر ای میل کے ذریعے جمع کر کے تحریری طور پر جمع کرائی جا سکتی ہیں۔

شکایت / دعوے کا فارم پی ایس ایکس کی ویب ساءٹ www.psx.com.pk کے لنک انویسٹر سینٹر سیکشن پر جا کر ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔

28. ایس ای سی پی، پی ایس ایکس، سی ڈی سی، این سی پی ایل اور جمع پونجی کی ویب ساءٹس کا باقاعدگی سے وزٹ:

ایس ای سی پی، پی ایس ایکس، سی ڈی سی اور این سی سی پی ایل کی ویب ساءٹس پر وقتاً فوقتاً جاری ہونے والے تمام قابل اطلاق قوانین، قواعد، ضوابط، رہنما خطوط، سرکلرز، نوٹیفکیشن وغیرہ کی کاپیاں دستیاب کرتی ہیں۔

مزید برآں، پی ایس ایکس بروکرز کے ساتھ اکاؤنٹ کھولنے اور برقرار رکھنے کے تمام طریقہ کار اور ضروریات سے متعلق معلومات، پی ایس ایکس، سی ڈی سی اور این سی سی پی ایل کی جانب سے پیش کردہ مختلف مصنوعات اور خدمات صارفین کی سہولت کے لیے ان اداروں کی ویب ساءٹس کے ذریعے واضح اور نمایاں طور پر پھیلائی جاتی ہیں۔ صارفین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو باخبر اور اپ ڈیٹ رکھنے اور اچھی طرح سے باخبر اور سمجھدار سرمایہ کاری کے فیصلے کرنے کے لیے باقاعدگی سے ان ویب ساءٹس کو دیکھیں۔

ہم ایک بار پھر اس بات پر زور دینا چاہتے ہیں کہ صارفین کے لیے یہ بہت اہم ہے کہ وہ باقاعدگی سے اپنے کیش اور سیکیورٹیز بیلنس کو چیک کریں اور اپنے کاروباری لین دین کا ریکارڈ رکھیں۔ اگر کوئی تضاد ہے یا اگر صارفین کو تجارتی تصدیقی نوٹ، اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹس، ایس ایم ایس، یا ای الرٹس موصول نہیں ہوتے ہیں، تو انہیں فوری طور پر اپنے پی ایس ایکس بروکر یا پی ایس ایکس کو اس کی اطلاع دینی چاہیے۔

29. اس گائیڈ میں استعمال کی جانے والی بنیادی اصطلاحات کی تعریف:

1. کسٹمر یا گاہک: گاہک کی تعریف سیکیورٹیز ایکٹ، 2015 کی شق یا سیکشن 2 میں اس طرح کی گئی ہے کہ ایک ایسا شخص جس کی جانب سے ایک ریگولیٹڈ شخص کسی بھی ریگولیٹڈ سیکیورٹیز کی سرگرمی کو انجام دیتا ہے اور اس میں کوئی بھی شخص شامل ہے جسے عام طور پر ایک سرمایہ کار کہا جاتا ہے۔
2. نمائندہ: جیسا کہ سیکیورٹیز ایکٹ، 2015 کے سیکشن 2 میں بیان کیا گیا ہے، نمائندہ وہ فرد ہے جو کسی ریگولیٹڈ شخص کے لیے یا اس کے ساتھ کام کرتا ہے اور ان کے لیے سرگرمیاں انجام دیتا ہے (اُن کاموں کو چھوڑ کر جو عام طور پر اکاؤنٹنٹ، کلرک، یا کیشیئرز کرتے ہیں)۔ اس میں ملازمین، کمپنی کے افسران، یا ایجنٹ شامل ہو سکتے ہیں، قطع نظر اس کے کہ انہیں تنخواہ، اجرت، کمیشن، یا کسی اور ذریعے سے ادائیگی کی جاتی ہے یا نہیں۔
3. سیکیورٹیز بروکر: سیکیورٹیز بروکر جیسا کہ سیکیورٹیز ایکٹ 2015 کے سیکشن 2 میں بیان کیا گیا ہے، ٹریڈنگ راءٹ انٹائٹلمنٹ سرٹیفکیٹ TRE) سرٹیفکیٹ (کا حامل ہے جو کاروبار کے دوران:
   I. دوسروں کے ساتھ معاہدے کرنے کی پیشکش کرتا ہے، یا دوسروں کو سیکیورٹیز خریدنے، بیچنے، تبادلہ کرنے، یا سبسکرائب کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔
   II. سیکیورٹیز میں ٹریڈنگ کے لیے آرڈر مانگتا یا قبول کرتا ہے، یا کلائنٹس یا ان کے اپنے اکاؤنٹ کے لیے سیکیورٹیز میں لین دین کرتا ہے۔
4. پہلے سے موجود انٹرسٹ کے ساتھ فروخت: پہلے سے موجود انٹرسٹ کے ساتھ فروخت کی تعریف سیکیورٹیز بروکرز (لائسنسنگ اور آپریشنز) ریگولیشنز، 2016 کی شق 2 میں کی گئی ہے:
   I. فروخت مکمل کرنے سے پہلے، ایک ہی سیٹلمنٹ میں یا کسی مختلف میں، پہلے کی خریداری مکمل کرنا۔ اور
   II. اسی سیکیورٹی اور منفرد شناختی نمبر (UIN) کے لیے مارجن ٹریڈنگ یا مارجن فنانسنگ میں کھلی پوزیشن طے کرنا۔

30. سیکیورٹیز مارکیٹ میں ٹریڈنگ کا عمومی عمل:

1. لسٹڈ کمپنیوں کی سیکیورٹیز میں سرمایہ کاری کرنے کے خواہشمند سرمایہ کاروں کو پہلے کسی بھی رجسٹرڈ پی ایس ایکس بروکرز کے ساتھ ٹریڈنگ اکاؤنٹ کھولنا چاہیے جو کہ سیکیورٹیز بروکر کے طور پر کام کرنے کے لیے ایس ای سی پی کے پاس لائسنس یافتہ ہو۔

2. حصص کی سیٹلمنٹ اور تحویل کے لیے سی ڈی سی کے ساتھ ایک انویسٹر اکاؤنٹ یا پی ایس ایکس بروکر کے ساتھ ذیلی اکاؤنٹ کھولیں۔

3. پی ایس ایکس بروکر صارفین سے اس کے ساتھ مارجن کی رقم پہلے سے جمع کرنے کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

4. صارفین کو چاہیے کہ وہ پی ایس ایکس بروکر کو ہر خرید و فروخت کے لیے واضح آرڈر ہدایات دیں۔

5. پی ایس ایکس بروکر پی ایس ایکس کے خودکار تجارتی نظام میں تجارتی آرڈر دیتا ہے۔

6. پی ایس ایکس بروکر اپنے صارفین کو تجارتی تصدیق فراہم کرتا ہے جس میں تجارتی عمل درآمد کے اگلے 24 گھنٹوں کے اندر ٹریڈنگ سسٹم پر خرید و فروخت کے آرڈر کی مکمل تفصیلات کے ساتھ ساتھ اس طرح کی تجارت پر لاگو ہونے والے کمیشن چارجز اور دیگر محصولات / ٹیکسز کا انکشاف ہوتا ہے۔

7. صارف کو متعلقہ دن کے اختتام پر اپنی تجارت کے لیے این سی سی پی ایل سے ایس ایم ایس اور / یا ای میل کے ذریعے تجارت سے متعلق الرٹ موصول کرنا چاہیے۔

8. صارف کو سی ڈی سی سے دن کے آخر میں اپنے حصص کی نقل و حرکت کے لیے ایس ایم ایس یا ای میل کے ذریعے ایک الرٹ بھی موصول ہونا چاہیے۔

9. صارف این سی سی پی ایل کی یو آئی ایس سروسز کے لیے رجسٹر کر سکتا ہے تاکہ پی ایس ایکس بروکر کے ذریعے کیے جانے والے اپنے ٹریڈز اور دن کے آخر میں این سی سی پی ایل کے ریکارڈ کے مطابق دستیاب سیکیورٹیز پوزیشن کی نگرانی کرے۔

10. ٹریڈز یا تجارت خریدنے کے لیے، خریداروں کے پاس اپنے پی ایس ایکس بروکرز (یا این سی ایس یا ڈی ایس ایس کسٹمرز، یا ٹریڈ کے روز جیسا بھی معاملہ ہو) کے پاس خریداری کی لاگت کو پورا کرنے کے لیے سیٹلمنٹ کی تاریخ پر ضروری رقم ہونی چاہیے۔

11. سیٹلمنٹ کی رقم کی ادائیگی کے بعد سیٹلمنٹ کی تاریخ کو وہ حصص (شیئرز کی) گاہک کے سی ڈی ایس اکاؤنٹ میں منتقل ہو جاتے ہیں، جس سے صارف ان شیئرز کا مالک بن جاتا ہے۔ تجارت کی فروخت کے لیے، فروخت کو مکمل کرنے کے لیے صارفین کے پاس سیٹلمنٹ کی تاریخ (یا این سی سی پی ایل / سی ڈی سی کے لیے این سی ایس یا ڈی ایس ایس صارفین کے ساتھ) شیئرز ہونے چاہئیں۔ خریدار سے ادائیگی موصول ہونے کے بعد، شیئرز ان کے حوالے کر دیے جاتے ہیں، اور لین دین مکمل ہو جاتا ہے۔

نوٹ: صارفین کو اپنے پی ایس ایکس بروکر سے ایک سہ ماہی اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ حاصل کرنا چاہیے جس میں سی ڈی ایس اور بروکر کے ریکارڈ کے مطابق اور پی ایس ایکس بروکر کے بیک آفس ریکارڈ کے مطابق ان کی نقدی اور سیکیورٹیز کی پوزیشنوں اور اگر کوئی اختلاف ہو تو اس اختلاف پر مفاہمت کی تفصیل ہو۔ اگر گاہک کی طرف سے درخواست کی جائے تو بروکر اپنے کسٹمر کو زیادہ کثرت سے اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ بھی فراہم کر سکتا ہے۔

رابطہ

سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی)		
مرکزی دفتر		سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان این آئی سی بلڈنگ، 63 جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد 44000، پاکستان یو این نمبر: 051-111-117-327 ویب سائٹ: www.secp.gov.pk
پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس)		
مرکزی دفتر	کراچی	اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ، کراچی 74000، پاکستان یو این نمبر: 021-111-001-122 ویب سائٹ: www.psx.com.pk ، ای میل ایڈریس: info@psx.com.pk
علاقائی دفاتر	لاہور	ایل ایس ای پلازہ، 19 خیابانِ ایوانِ اقبال، لاہور 54000، پاکستان فون نمبر: 042-36316974
	اسلام آباد	712-714، ساتویں منزل، آئی ایس ای ٹاورز B-55 جناح ایونیو، اسلام آباد فون نمبر: 051-2894500
سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی)		
مرکزی دفتر		سی ڈی سی ہاؤس، B99-، بلاک B ، ایس ایم سی ایچ ایس مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 فون نمبر: 500-111-111-051، کال سینٹر: (CDCPL) 23275 – 0800 برائے بیرون ممالک: +92-21 34326038 ویب سائٹ: www.cdcpakistan.com، ای میل: info@cdcpak.com
نیشنل کلیئرنگ کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (این سی سی پی ایل)		
مرکزی دفتر		8ویں منزل، پاکستان اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ، اسٹاک ایکسچینج روڈ کراچی 74000، پاکستان یو این نمبر: 021-111-111-622 ویب سائٹ: www.nccpl.com.pk ، ای میل: info@nccpl.com.pk